# تعارفِ اُردو

## دسویں جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/(پر-نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ
رابطہ کار کمیٹی کی ۲۹/دسمبر ۲۰۱۷ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

زبانِ دوم کے نئے نصاب کے مطابق

# تعارُفِ اُردو

## دسویں جماعت

मा विद्या या विमुक्तये
महाराष्ट्र राज्य पाठ्यपुस्तक निर्मिती व अभ्यासक्रम संशोधन मंडळ

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نِرمتی و اَبھیاس کرم سنشودھن مَنڈل، پُونہ-۴

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

7SFN77

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ مطالعات و ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

پہلا ایڈیشن : 2018
دوسرا اصلاح شدہ ایڈیشن : 2021

**خصوصی رابطہ کار**

محترمہ پراچی روندر ساٹھے

**مجلسِ مطالعات و ادارت**

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- سلام بن رزّاق (رکن)
- احمد اقبال (رکن)
- ڈاکٹر قمر شریف (رکن)
- مشتاق بونجکر (رکن)
- ڈاکٹر محمد اسداللہ (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- خان نویدالحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت**

- ڈاکٹر سیّد صفدر
- خان انعام الرحمٰن شبیر احمد
- خان حسنین عاقب محمد شہباز خان
- ڈاکٹر ناصرالدین انصار
- اعظمی محمد یٰسین محمد عمر
- فاروق سیّد
- ڈاکٹر محمد حسین مشاہد رضوی
- وجاہت عبدالستار
- مومن شمیم اقبال
- شیخ محمد شرف الدین محمد یوسف
- سجاد حیدر
- عبداللہ علوی

**Co-ordinator**
Khan Navedul Haque Inamul Haque
Special Officer for Urdu, Balbharati

**D.T.P. & Layout**
Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics, Shop No. 5, Anamay,
305, Somwar Peth, Pune 11.

**Cover**
Asif Nisar Sayyed

**Production**
Sachchitanand Aphale
Chief Production Officer, Balbharati

Rajendra Chindarkar
Production Officer, Balbharati

Rajendra Pandloskar
Assistant Production Officer, Balbharati

**Paper:** 70 GSM Creamwove

**Print Order**

**Printer**

**Publisher**
**Shri Vivek Uttam Gosavi**
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025.

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو

ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:

**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور **قوم کے اتّحاد اور سالمیت** کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ – اَدِھ نایک جیَہ ہے
بھارَتَ – بھاگیہ وِدَھاتا۔

پنجاب، سِندُھ، گجرات، مَراٹھا،
دراوِڑ، اُتکَل، بنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ ترَنگ،

تو شُبھَ نامے جاگے، تو شُبھ آ شِس ماگے،
گاہے تو جیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایَک جیَہ ہے،
بھارَتَ – بھاگیہ وِدھاتا۔

جیَہ ہے، جیَہ ہے، جیَہ ہے،
جیَہ جیَہ جیَہ، جیَہ ہے۔

# عہد

بھارت میرا ملک ہے۔سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گوناگوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

عزیز طلبہ!

دسویں جماعت میں آپ کا استقبال ہے۔ اس جماعت میں آپ کی آموزش کے لیے ’تعارفِ اُردو‘ پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرّت ہورہی ہے۔ پچھلی جماعت میں آپ تعارفِ اُردو پڑھ چکے ہیں۔ اس میں کئی مضامین آپ نے کئی مشہور و معروف مصنفوں کی تحریروں اور شاعروں کے کلام کا مطالعہ بھی کیا ہے۔ گزشتہ کتابوں میں شائع کئی کہانیوں سے آپ لطف اندوز ہوئے اور کئی سرگرمیاں مکمل کی ہیں۔ آپ اپنے اردگرد موجود تحریریں یعنی اخبارات و رسائل بھی پڑھتے ہوں گے۔ اب آپ دسویں جماعت میں آچکے ہیں جہاں آپ مزید معیاری مواد کی تعلیم حاصل کریں گے اور زبان کو سمجھنے کی آپ کی صلاحیت مزید فروغ پائے گی۔

اُردو صرف ایک مضمون کا نام نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ایک تہذیب جڑی ہوئی ہے۔ آپ اپنی روزمرہ زندگی میں ہمیشہ مادری زبان اُردو کا استعمال کرتے ہیں۔ لہٰذا معیاری اُردو زبان کے استعمال پر زیادہ زور دیا جانا چاہیے۔ ہمارا مقصد آپ میں یہ خود اعتمادی پیدا کرنا ہے کہ آپ اُردو زبان کو بہتر طور پر استعمال کرسکیں۔ اس کتاب میں شامل سرگرمیاں اس انداز سے ترتیب دی گئی ہیں جس سے آپ زبان کو بہتر طور پر استعمال کرسکیں، اس کے ذریعے آپ میں نئے علوم و فنون حاصل کرنے کی لگن پیدا ہو اور آپ کی تفہیم، تخلیق، تخیل اور غور وفکر کی صلاحیت میں اضافہ ہو۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ہم چاہتے ہیں کہ درسی کتاب میں موجود مشقی سرگرمیوں میں آپ زیادہ سے زیادہ حصہ لیں۔ اس کتاب کی آموزش کے دوران آپ کو جو بھی مشکل یا پریشانی محسوس ہو بلاخوف اپنے استاد کے سامنے اس کا اظہار کریں۔ اس کتاب میں ایسی کئی سرگرمیاں شامل ہیں جن سے آپ بذاتِ خود علم حاصل کرنے کے قابل بن سکیں گے۔ ان سرگرمیوں میں آپ جتنا حصہ لیں گے اتنا ہی زیادہ آپ کے علم میں اضافہ ہوگا۔

کتاب کے مواد کے بارے میں آپ کے تاثرات جان کر ہمیں بہت خوشی ہوگی۔ سال بھر آپ کی آموزش مسرت بخش رہے، یہی ہماری اُمید ہے۔

آپ کی عمدہ تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات!

(ڈاکٹر سنیل مگر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

پونہ۔
تاریخ: یکم جنوری ۲۰۱۸ء
بھارتیہ سَور: ۱۱/ پوش ۱۹۳۹

# ہدایات برائے اساتذہ

دسویں جماعت کی 'تعارفِ اُردو' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ کتاب پچھلی درسی کتابوں سے قدرے مختلف ہے۔ بچوں کے لیے مفت اور لازمی حقِ تعلیم کے قانون ۲۰۰۹ء کے مطابق از سرِ نو مرتب شدہ تعلیمی نصاب ۲۰۱۲ء کی روشنی میں، تشکیلِ علم کے نظریے اور سرگرمیوں کو اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔

آپ سے توقع ہے کہ تعلیمی سال کے آغاز پر ابتدائی جانچ کے ذریعے بچوں کی ذہنی سطح کا تعین کر لیں۔ اس مقصد کے لیے تمام بچوں کی اس طرح تربیت کریں کہ ان میں زبان کی مطلوبہ استعداد پیدا ہو جائے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ تدریس کے دوران درج ذیل اُمور کا لحاظ رکھا جائے تو سیکھنے اور سکھانے کا عمل مزید فائدہ بخش ہو گا۔

- اس کتاب میں نثر اور نظم کے اسباق کی زبان کو نسبتاً آسان رکھا گیا ہے۔ اسباق میں جدت اور دلچسپی کو مدِنظر رکھا گیا ہے۔ سماجی، تہذیبی، علمی اور اخلاقی اقدار پر مبنی مضامین اور کہانیوں کے ساتھ اس درسی کتاب میں سائنس اور زبان پر مضامین نیز ڈراما اور خط بھی شامل کیے گئے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ طلبہ زبان و ادب کی عصری صورتِ حال اور سائنس و ٹیکنالوجی کی ترقیات سے آگاہ ہو سکیں۔ آپ ان مشمولات کو پڑھاتے وقت اپنے طلبہ کی دلچسپی اور ان کے ذوق و شوق کا خیال رکھتے ہوئے اضافی معلومات یا مثالیں دے سکتے ہیں۔ بعض اسباق میں درسی نکات کی وضاحت اضافی معلومات کے خاکے یا چوکون بنا کر دی گئی ہے۔
- کتاب میں شامل اسباق کا انتخاب اس طرز پر کیا گیا ہے کہ آپ ہر سبق کے مواد پر طلبہ سے مختلف سرگرمیاں کروا سکتے ہیں۔ آپ کی توجہ پڑھانے سے زیادہ تسہیل کاری پر رہے تاکہ بچے از خود زبان سیکھ سکیں۔ بہت سی سرگرمیاں انٹرنیٹ سے جوڑ دی گئی ہیں تاکہ طلبہ کو آموزش کے دوران مواصلاتی ٹکنالوجی کے وسائل کے صحت مند استعمال کی عادت ہو سکے۔
- اس کتاب میں شامل اسباق میں جو مشقی سرگرمیاں دی ہوئی ہیں، آپ ان میں جدت اور تنوع پائیں گے۔ ان میں براہِ راست سوال پوچھنے کا طریقہ ختم کر کے توضیحی طرز کی سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔ ان سرگرمیوں میں 'سوال بغیر سوالیہ نشان' (Question without question mark) کے نظریے کو اپنایا گیا ہے۔ مشقی سرگرمیوں کو مزید دلچسپ اور جاذب بنانے کے لیے رواں خاکے، شجری خاکے، شبکی (ویب) خاکے اور معمے وغیرہ بھی شامل کیے گئے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ مشقی سرگرمیاں طلبہ کی تشکیلِ علم کی صلاحیت میں قابلِ لحاظ اضافہ کرنے میں معاون ثابت ہوں گی۔ آپ اپنی فراست سے دیگر سرگرمیوں کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔
- بچے جن الفاظ کے معنی نہیں جانتے، توقع ہے کہ وہ اپنے اساتذہ، تسہیل کار یا لغت کی مدد سے معلوم کریں۔ آپ انھیں اپنے طور پر اس کام کی ترغیب دے سکتے ہیں۔ سبق کے آخر میں معنی و اشارات کے تحت نئے الفاظ کے معنی اُردو کے ساتھ ساتھ انگریزی میں بھی دیے گئے ہیں تاکہ طلبہ بہ آسانی لفظ کے مفہوم تک پہنچ سکیں۔ آج کل موبائل پر اُردو کی مختلف لغات آسانی سے دستیاب ہیں اور ان کا استعمال بھی نہایت آسان ہے۔ آپ طلبہ کو اس جانب بھی راغب کر سکتے ہیں۔
- اسباق پر مشتمل اور نصاب میں شامل زبان کے قواعد کو 'عملی قواعد' یعنی زبان کے روزمرہ استعمال کے پیشِ نظر آسان تر مثالوں اور وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ قواعدی تفہیم کے لیے اسباق سے مثالیں دی ہوئی ہیں۔ دوسری مماثل مثالیں ڈھونڈنے یا تیار کرنے کی ہدایات بھی یہاں شامل ہیں۔ آپ ان ہدایات کی روشنی میں قواعد اس طرح پڑھائیں کہ طلبہ از خود عملی قواعد میں دلچسپی لیں۔

اُمید ہے یہ درسی کتاب آپ کی توقعات پر پوری اُترے گی۔

| متوقع صلاحیتیں - دسویں جماعت (اُردو - زبانِ دوم) | | |
|---|---|---|
| نمبر شمار | تدریسی اکائیاں | متوقع صلاحیتیں |
| ١ | سُننا | • کہانی، نظم، تقریر وغیرہ کلاس میں، جلسہ گاہ میں، ریڈیو ٹی وی نیز انٹرنیٹ اور یوٹیوب پر سننا۔ سنے ہوئے مواد کو سمجھنا۔<br>• دی ہوئی ہدایات کو سن کر ان پر عمل کرنا۔<br>• خبروں، گیتوں کے علاوہ دوسرے سمعی مواد کو سننے میں دلچسپی لینا۔<br>• خبر، کہانی، تقریر کے فرق کو سمجھنا۔ سنے ہوئے مواد میں الفاظ کے صحیح تلفّظ اور معنی کا خیال رکھنا۔<br>• محاوروں کے معنی سمجھنا۔ سادہ اور پیچیدہ جملوں کی شناخت کرنا۔ |
| ٢ | بولنا | • جماعت کے ساتھیوں سے گفتگو کرنا۔ دیے ہوئے عنوان پر تقریر کرنا۔<br>• ڈرامے کے مکالموں کی ادائیگی کرنا۔<br>• سیر و تفریح کا حال بیان کرنا۔ صحیح تلفّظ کے ساتھ زبان کا استعمال کرنا۔<br>• دوستوں سے بات چیت کرنا اور انھیں آسان زبان میں ہدایت دینا۔<br>• مختلف مباحثوں میں حصہ لینا، کہانی کہنا، واقعات سنانا۔<br>• غم اور خوشی کے جذبات کے اظہار میں زبان اور لب و لہجے کا خیال رکھنا۔ |
| ٣ | پڑھنا | • کہانی، نظم، خبریں اور مکالموں کو بلند آواز اور خاموشی کے ساتھ پڑھنا۔<br>• تحریر کو صحیح طور پر معنی کا خیال رکھتے ہوئے پڑھنا۔<br>• فقروں اور جملوں کے معنوی ربط کو پڑھنے کے دوران سمجھنا۔<br>• اطراف میں لگے سائن بورڈ کو معنی کی تفہیم کے ساتھ پڑھنا۔<br>• ذخیرۂ الفاظ اور پڑھنے کی رفتار میں اضافہ کرنا۔<br>• انٹرنیٹ پر دستیاب مواد مثلاً اخبارات، ای-بکس وغیرہ پڑھنا۔ |
| ٤ | لکھنا | • دی ہوئی مشقی سرگرمیوں کے جوابات از خود لکھنا۔<br>• سنے ہوئے جملوں کو صحیح ترتیب سے لکھنا۔<br>• مختلف قسم کے خطوط جیسے مبارکبادی، تہنیتی، تقریب کے دعوت نامے وغیرہ لکھنا۔ معمے حل کرنا۔<br>• ذاتی خیالات کو تحریری صورت میں پیش کرنا۔<br>• مختلف عنوانات پر پندرہ تا بیس سطروں میں مضامین لکھنا۔ نظموں کے خلاصے لکھنا۔ اُردو ایس ایم ایس، ای میل، بلاگ لکھنا۔ |
| ٥ | مطالعے کی صلاحیت | • درسی اور غیر درسی تحریروں، اقوال، نعروں کا سمجھ کر مطالعہ کرنا۔<br>• مضامین کے سیاق و سباق کو سمجھنا۔<br>• درسی اور حوالہ جاتی کتابوں کا مطالعہ کرنا۔ لغت کی مدد سے نئے الفاظ تلاش کرنا اور انھیں جملوں میں استعمال کرنا۔<br>• انٹرنیٹ پر دستیاب اُردو انسائیکلوپیڈیا اور دیگر حوالہ جاتی کتابوں کا مطالعہ کرنا۔ |
| ٦ | قواعد | • اجزائے کلام، صفت، صفت کی قسمیں، کہاوت کو معنی کے ساتھ سمجھنا۔<br>• استفہامیہ جملہ، امریہ جملہ، فجائیہ جملے کے معنی اور ان کے استعمال کو سمجھنا۔<br>• استعارہ، تضاد، مبالغہ، تلمیح کو سمجھنا۔ |

# فہرست


| نمبر شمار | | صنف/موضوع | مصنف/شاعر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| | | **حصۂ نثر** | | |
| ۱۔ | حضرت ابو ہریرہؓ | سوانح/سیرت | اِدارہ | ۱ |
| ۲۔ | مطالعے کا شوق | ادبی مضمون/ترغیبِ مطالعہ | محمد عبدالقادر فاروقی | ۵ |
| ۳۔ | میں کون ہوں؟ | سائنسی مضمون/معلومات | شاہد رشید | ۹ |
| ۴۔ | بمبئی سے احمد نگر تک | سفر نامہ/تاریخی حالات | مولانا ابوالکلام آزاد | ۱۴ |
| ۵۔ | مجاہدِ آزادی عبدالحمید انصاری | سوانح/شخصیت | ماخوذ | ۱۸ |
| ۶۔ | سورج | مزاحیہ مضمون/طنز و مزاح | ابنِ انشا | ۲۲ |
| ۷۔ | تلفّظ اور اِملا | ادبی مضمون/ترسیل و ابلاغ | رشید حسن خان | ۲۶ |
| ۸۔ | نادان دوست | کہانی/جانداروں سے ہمدردی | منشی پریم چند | ۲۹ |
| ۹۔ | گرم شال | کہانی/سماجی شعور | صالحہ عابد حسین | ۳۴ |
| ۱۰۔ | ہمارے مہرباں | انشائیہ/اخلاقیات | سجاد حیدر یلدرم | ۳۹ |
| ۱۱۔ | ایک خط | مکتوب نگاری/انشا | پنڈت جواہر لال نہرو | ۴۲ |
| | | **حصۂ نظم** | | |
| ۱۔ | حمد | اللہ کی تعریف | داغؔ دہلوی | ۴۶ |
| ۲۔ | لندن کی ہوا | مشرقی روایت پسندی | اکبرؔ الہ آبادی | ۴۸ |
| ۳۔ | زمینِ وطن | حبِ وطن | آنند نرائن ملّاؔ | ۵۰ |
| ۴۔ | ہماری زبان | زبان سے محبت | پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفیؔ | ۵۳ |
| ۵۔ | بلبل کا ذوقِ آزادی | آزادی کی اہمیت | مولوی غلام بھیک نیرنگؔ | ۵۶ |
| ۶۔ | ابرِ کرم | ماحولیات | محمد حسین آزادؔ | ۵۸ |
| ۷۔ | دھرتی کا روپ | انسانی ہمدردی | قاضی سلیمؔ | ۶۰ |
| ۸۔ | غزلیات | جلیلؔ مانک پوری، آزادؔ انصاری، شفیقؔ جونپوری، ظفر کلیم | | ۶۲ تا ۶۹ |
| ۹۔ | رباعیات | رفیع سوداؔ، اسمٰعیلؔ میرٹھی، جگت موہن لال رواںؔ، سلامؔ سندیلوی | | ۷۰ تا ۷۲ |
| | | **اضافی مطالعہ** | | |
| ✦ | ہوائی محل | ڈراما/تفریح | شوکت تھانوی | ۷۳ |